PR NO 35/2024

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، لاہور

Press Release

کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب

تاجر برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے ہروقت کھلے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی

شیخوپورہ چیمبر آف کامرس وانڈسٹری میں استقبالیہ سے خطاب

شیخوپورہ (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس ہر معاشرے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ہم مختلف چیمبرز کے درمیان رابطہ کا ایک نظام قائم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے چیمبر آف کامرس کے تعاون سے ایک پورٹل بنایا جا رہا ہے، جس پر آنے والی شکایات اگر متعلقہ ادارے تیس روز میں حل نہیں کریں گے تو وہ خود بخود وفاقی محتسب کو منتقل ہو جائیں گی اور ہم ان پر کارروائی کریں گے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز صدر پاکستان کی ہدایت پر شیخوپورہ چیمبر آف کامرس وانڈسٹری کے زیر اہتمام ایک کانفرنس سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ، وفاقی محتسب برائے ہراسیت فوزیہ وقار، وفاقی بینکنگ محتسب سراج الدین عزیز، وفاقی انشورنس محتسب و پنجاب محتسب کے نمائندگان اور صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم ان کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ وفاقی حکومت کے تقریباً 180 ادارے ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال 194,000 سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ شیخوپورہ کے چاول پوری دنیا میں معروف اور مشہور ہیں۔ چاول کے بڑے برآمد کنندہ کے طور پر پاکستان کو بڑی تعداد میں زرمبادلہ حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی نیک نامی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ قبل ازیں شیخوپورہ چیمبر آف کامرس و انڈسٹری کے چیئرمین طارق اقبال ملک، عہدیداران اور تاجران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرنے اور کاروباری برادری کی آواز کو متعلقہ حلقوں تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کر رہے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

10 جولائی 2024ء